# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ

## درخواست فارم برائے درستی تاریخ پیدائش

تصویر یہاں گوند سے چسپاں کرنے کے بعد کراس تصدیق کروائیں۔

(تصویر کراس تصدیق ہو)

| مہر وصولی O.W.O. | (دفتری استعمال کیلئے) | |
|---|---|---|
| مورخہ: ________ | نمبر ........ سی بی<br>مؤرخہ ........<br>دستخط متعلقہ اہلکار ........ | فنانس انکم نمبر ........<br>صفحہ نمبر ........<br>رقم ........<br>دستخط تصدیق کنندہ ........ |

**توجہ:**
(i)۔ فارم پر کرنے سے قبل پشت پر درج قواعد وضوابط کے مطابق عمل کریں۔
(ii)۔ کوائف طالب علم خود اپنے ہاتھ سے پر کرے۔

1۔ نام درخواست گذار (اُردو میں) ________ (انگریزی میں) ________

2۔ ولدیت (اُردو میں) ________ (انگریزی میں) ________

3۔ دادا کا نام (اُردو میں) ________ (انگریزی میں) ________

4۔ بورڈ سے سیکنڈری سکول امتحان پاس کرنے کا رول نمبر ________ سال ________ (سالانہ/سپلیمنٹری)

سکول کا نام و مکمل پتہ جہاں سے میٹرک بطور ریگولر اُمیدوار پاس کیا ________

پرائیویٹ ہونے کی صورت میں ضلع کا نام ________

5۔ بورڈ کے دفتر میں مندرج تاریخ پیدائش [ ][ ] — [ ][ ] — [ ][ ][ ][ ]

6۔ تاریخ پیدائش جس کے صحیح ہونے کا اُمیدوار مدعی ہے [ ][ ] — [ ][ ] — [ ][ ][ ][ ]

7۔ تاریخ پیدائش میں کس مرحلہ پر غلطی ہوئی اور غلطی ہونے کی وجوہات ________

________

8۔ درست تجویز کردہ تاریخ پیدائش کے ثبوت کی مکمل تفصیل: ________

________

9۔ بورڈ کے کھاتہ میں جمع کرائی گئی فیس مبلغ ________ روپے بینک چالان نمبر ________ تاریخ ________

حبیب بنک لمیٹیڈ کی شاخ کا نام ________ (اصل بنک چالان درخواست کے ساتھ لف کریں)

10۔ خط وکتابت کیلئے پتہ ________

________

11۔ فون نمبر: ________ موبائل نمبر: ________ ای میل: ________

### بیان حلفی

میں حلفاً بیان کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے فارم کی پشت پر مندرجہ قوانین وضوابط کو بغور پڑھ کر مذکورہ کوائف/اندراجات درست طور پر بورڈ کو پیش کئے ہیں اوران میں کسی قسم کی کوئی غلط بیانی نہیں کی گئی اور اگر کسی وقت بورڈ کو میری جانب سے تاریخ پیدائش کا پیش کیا گیا ثبوت یا ریکارڈ غلط، مشکوک یا جعلی ثابت ہوگیا تو بورڈ کو حق حاصل ہے کہ مجھے تصحیح تاریخ پیدائش کی دی گئی منظوری کو کسی بھی وقت منسوخ کردے یا میرے خلاف انضباطی کارروائی کرے اور میں اس صورت میں ہر قسم کے نقصان کا/کی خود ذمہ دار ہوں گا/ہوں گی۔ نیز بورڈ کے ہر فیصلہ کو قبول کروں گا/کروں گی۔

دستخط اُمیدوار (اُردو میں) ________

تاریخ ________

(انگریزی میں) ________

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ درخواست دہندہ کے درج بالا کوائف درست ہیں اور اس نے بورڈ کو پیش کی جانے والی دستاویزات سرٹیفیکیٹس سے مجھے مطمئن کردیا ہے۔

تاریخ ________ دستخط اور مہر ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس/ پرنسپل ________

(ریگولر اُمیدوار اپنے سکول سے جبکہ پرائیویٹ اُمیدوار اپنے ضلع میں بورڈ سے ملحقہ کسی بھی گورنمنٹ ادارہ کے سربراہ سے تصدیق کروائیں)

# قواعد و ھدایات

1۔ صرف وہی امیدواران جنہوں نے سیکنڈری سکول (میٹرک) خزاں 1983ء اور مابعد امتحان گوجرانوالہ بورڈ سے پاس کیا ہو۔ درج ذیل شرح کے مطابق فیس ہمراہ مجوزہ فارم پر اپنی درخواست بورڈ کو ارسال کریں۔ یہ فیس صرف حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد کردہ برانچوں میں جمع کروانا ہوگی اور یہ فیس ناقابل واپسی ہوگی۔ اصل چالان فارم درخواست کے ساتھ منسلک کیا جائے۔

2۔ میٹرک کے نتیجہ کی تاریخ اشاعت سے 2 سال تک مبلغ -/2500 روپے، 2 سال سے 5 سال تک **-/3500** روپے، 5 سال سے 10 سال تک **-/4500** روپے 10 سال کے بعد **-/5500** روپے جمع کروانی ہوگی۔ اس فیس کے ساتھ قیمت فارم مبلغ -/100 روپے جمع کروانی ضروری ہے۔

3۔ **درخواست دہندہ کی مطلوبہ تاریخ پیدائش کے مطابق بوقت اشاعت نتیجہ امتحان میٹرک عمر 14 سال سے کم ہونے کی صورت میں تاریخ پیدائش میں درستی/تبدیلی نہیں کی جائے گی۔**

4۔ متعلقہ کمیٹی کے روبرو درخواست گزار کی اصالتاً حاضری ضروری ہے۔ درخواست گزار کو اپنا مؤقف ثابت کرنے کیلئے صرف تین مواقع دیئے جائیں گے۔ مسلسل تین غیر حاضریوں پر یا مطلوبہ ریکارڈ پیش نہ کرنے کی صورت میں درخواست مسترد کر دی جائے گی جس کیلئے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ البتہ 30 ایام کے اندر اندر اپیل بنام ''چیئرمین بورڈ ہذا'' کی جا سکے گی۔ اپیل فیس مبلغ **-/2000** روپے ہوگی۔

5۔ درخواست دہندہ اپنی مجوزہ تاریخ پیدائش کے ثبوت کیلئے سرکاری سکول کی پہلی جماعت کا **داخل خارج رجسٹر بمعہ پیسٹ فائل** پیش کر سکتا ہے جس میں تاریخ پیدائش، درخواست گزار اور اُس کے والد کا نام معہ تاریخ داخلہ واضح طور پر درج ہو۔ اور اس سلسلہ میں بورڈ کو اُمیدوار کے متعلقہ ابتدائی جماعت اوّل میں داخلہ سے متعلق اصل ریکارڈ پڑتال کرنے کے بعد اس امر کا اطمینان ہو کہ تاریخ پیدائش کے اندراج میں غلطی ایک رجسٹر سے دوسرے رجسٹر یا کاغذات میں منتقلی کے وقت واقع ہوئی ہے اور یہ ریکارڈ درست ہے۔

**یا**

اگر کسی سکول میں پہلی بار داخلہ کا اندراج مہیا نہ ہو سکے تو ولادت سرٹیفیکیٹ کے مطابق رجسٹر اندراج پیدائش یونین کونسل/میونسپل کمیٹی پیش کرنا ہوگا جس میں اُمیدوار اور اس کے والد کا نام واضح طور پر مذکور ہو اور اس میں کسی قسم کی کٹنگ، اوور رائٹنگ (ڈبل انٹری) نہ ہو۔ نیز لیٹ انٹری قابل قبول نہ ہوگی۔

6۔ اگر کسی فوجی ملازم کے لڑکے/لڑکی کے سرکاری پرائمری سکول میں پہلی بار داخلہ کے وقت تاریخ پیدائش سہواً غلط درج کرا دی ہو تو پیدائش سرٹیفیکیٹ جو کہ سنٹرل آفیسرز ریکارڈ/جنرل ہیڈ کوارٹر، راولپنڈی میں تاریخ پیدائش سے متعلق تمام اندراجات پر مشتمل ہو مہیا کیا جائے۔ بشرطیکہ اُمیدوار اور اس کے والد کا نام ان اندراجات میں واضح طور پر درست درج ہو اور اگر فضائیہ یا بحریہ کے کسی ملازم کا لڑکا/لڑکی ہو تو پیدائش سرٹیفیکیٹ جو کہ پی، اے، ایف ریکارڈ آفس ماڑی پور کراچی اور بحری ہیڈ کوارٹرز کراچی میں تاریخ پیدائش، نام اُمیدوار اور ولدیت کے اندراجات پر مشتمل ہو مہیا کیا جائے۔

7۔ غیر ملک میں پیدا شدہ درخواست دہندہ کے متعلق چیئرمین بورڈ کو اختیار ہے کہ وہ کسی غیر ملک پاکستانی سفارتی مشن کے اعلیٰ ترین آفیسر کا تصدیق شدہ پیدائش سرٹیفیکیٹ قبول/منظور کریں۔

8۔ بورڈ قواعد کے مطابق سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازمین تاریخ پیدائش کی درستی کیلئے سرکاری و نیم سرکاری ادارہ میں پہلی دفعہ ملازمت شروع کرنے کی تاریخ سے دو سال کے اندر اندر اپنے متعلقہ ادارہ کی Controlling/Appointing اتھارٹی کی اجازت کے ساتھ درستی کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

9۔ اگر آپ سرکاری یا نیم سرکاری ادارہ میں ملازم نہیں ہیں تو اسٹام پیپر پر مجسٹریٹ درجہ اوّل/سول جج سے تصدیق شدہ بیان حلفی درخواست ہذا کے ساتھ لف کریں کہ آپ کسی بھی سرکاری یا نیم سرکاری ادارہ میں ملازم نہیں ہیں اور نہ ہی آپ نے بورڈ ہذا سے پہلے کبھی تاریخ پیدائش درست کروائی ہے۔

10۔ بورڈ کو اختیار حاصل ہے کہ وہ مطلوبہ/مجوزہ تاریخ پیدائش کی چھان بین کیلئے کسی بھی ادارہ/محکمہ کا کوئی بھی ثبوت یا ریکارڈ طلب کرے۔ یہ ریکارڈ مہیا کرنا فقط درخواست دہندہ کی ذمہ داری ہے۔ ریکارڈ کیلئے بورڈ ہذا کسی بھی ادارہ سے رابطہ نہ کرے گا۔

11۔ درستی تاریخ پیدائش کی صورت میں نئی تاریخ پیدائش کے ساتھ پرانی تاریخ پیدائش بھی

"Date of Birth has been change from _____________ to ___________ _ on _____________"

ان الفاظ کے ساتھ لکھی جائے گی۔

12۔ تاریخ پیدائش میں 4 سال کمی یا اضافے کی صورت میں مطلوبہ ریکارڈ کے علاوہ میڈیکل بورڈ سروسز ہسپتال لاہور/ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ہسپتال سے حاصل کردہ میڈیکل سرٹیفیکیٹ پیش کرنا ہوگا۔

13۔ درستی تاریخ پیدائش کی صورت میں اصل رزلٹ کارڈ/سند دفتر ہذا کو واپس کرنا ہوگی جو بعد از دفتری کارروائی منسوخ کر دی جائے گی۔ درست شدہ تاریخ پیدائش کے مطابق ترمیم شدہ سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کیلئے مروجہ طریقہ کار کے مطابق درخواست دینا ہوگی۔

## منسلکہ دستاویزات

(i)۔ ریگولر اُمیدوار اپنے سکول سے جبکہ پرائیویٹ اُمیدوار اپنے ضلع میں بورڈ سے ملحقہ کسی بھی گورنمنٹ ادارہ کے سربراہ سے تصدیق کروائیں۔ علاوہ ازیں تصویر کراس تصدیق ضروری ہے۔

(ii)۔ نام اور ولدیت بمطابق سند/رزلٹ کارڈ پر کریں۔ (iii)۔ والد کے شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل۔ (iv)۔ کمپیوٹرائزڈ برتھ سرٹیفیکیٹ کی مصدقہ نقل۔

(v)۔ امتحان میٹرک کے رزلٹ کارڈ/سند کی مصدقہ نقل۔ (vi)۔ **پہلی جماعت میں داخل ہونے کے ریکارڈ کی مصدقہ نقل۔**

(vii)۔ **شق نمبر 9 کے مطابق سرکاری و نیم سرکاری ادارہ میں ملازم نہ ہونے بارے سول جج یا مجسٹریٹ درجہ اوّل سے تصدیق شدہ بیان حلفی۔**

**قیمت فارم -/100 روپے**